## HFHS کے مریض کے لیے مالی اعانت کی پالیسی

**پالیسی**

HFHS کے مریض کے لیے مالی اعانت کی پالیسی ("پالیسی") ان مریضوں کے لیے مالی اعانت کی اہلیت کو حل کرنے کے لیے بنائی گئی ہے جو مالی اعانت کے ضرورت مند ہیں اور جنہیں Henry Ford Health System ("HFHS") سے ہنگامی اور طبی لحاظ سے لازمی دیگر خدمات موصول ہوتی ہیں، اور ان کا اطلاق ضمیمہ A اور ان کے الحاق یافتہ کلینکس ("HFHS" کی فسیلیٹیز) میں مندرج ہر ایک HFHS کی فسیلیٹیز پر ہوتا ہے۔ تمام مالی اعانت میں ہر مریض کے ساتھ وقار، احترام اور خوش اخلاقی کا برتاؤ کرنے کی HFHS کی عہد بستگی کی عکاسی ہوگی۔

HFHS کے فسیلیٹیز میں ہنگامی یا طبی لحاظ سے لازمی دیگر نگہداشت، جو اس پالیسی کے ذریعے محیط ہیں اور جو محیط نہیں ہیں، مہیا کرنے والے HFHS کے سروس فراہم کنندگان کو HFHS کی ویب سائٹ (henryford.com) پر علیحدہ طور پر رکھا جاتا ہے۔ HFHS سروس فراہم کنندہ کی فہرست بلا معاوضہ، آن لائن اور کاغذ پر بھی HFHS کی ویب سائٹ سے یا ضمیمہ A میں مندرج HFHS کی فسیلیٹیز میں سے ایک کو فون کر کے حاصل کی جا سکتی ہے۔

**تعریفات:**

- **عام طور پر جتنی رقم کا بل بھیجا جاتا ہے (Amounts Generally Billed, AGB):** کا مطلب ہے وہ رقوم جتنے کا بل عام طور پر ہنگامی یا طبی لحاظ سے لازمی دیگر نگہداشت کے لیے ان افراد کو بھیجا جاتا ہے جو اس طرح کی نگہداشت کا احاطہ کرنے والا بیمہ رکھتے ہیں۔
- **ہنگامی نگہداشت:** کا مطلب ہے کافی شدت (بشمول شدید درد) کی شدید علامت کی وجہ سے از خود پھیلنے والی کیفیت کا علاج کرنا۔ اس طرح کہ فوری طبی توجہ کی غیر موجودگی کا نتیجہ معقول طور پر یوں برآمد ہونے کی توقع کی جا سکے:
  - اس فرد کی صحت (یا حاملہ خاتون ہونے کی صورت میں، اس خاتون یا اس کے نامولود بچے کی صحت) سنگین خطرے میں پڑ جانا،
  - جسمانی اعمال میں سنگین نقص، یا
  - کسی جسمانی عضو یا حصے کی سنگین بے عملی، یا
  - مروڑ رکھنے والی حاملہ خاتون کی صورت میں – (a) کہ وضع حمل سے قبل محفوظ منتقلی یا دیگر ہسپتال میں لے جانے کے سلسلے میں وقت ناکافی ہو یا (b) یہ کہ منتقلی کی وجہ سے اس خاتون یا نامولود بچے کی صحت کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہو۔
- **ضامن:** کا مطلب ہے مریض کے بل کے لیے مریض کے علاوہ ذمہ دار فرد۔
- **گھرانے کی آمدنی:** اس میں ٹیکس سے قبل ہونے والی کمائی، بے روزگاری کا معاوضہ، ورکرز کمپنسیشن، سوشل سیکیورٹی، سپلیمنٹل سیکورٹی انکم، عوامی اعانت، سابق فوجیوں کی ادائیگیاں، پسماندگان کے لیے مراعات، پنشن یا ریٹائرمنٹ سے ہونے والی آمدنی، سود، منافع، کرایے، رائلٹیز، جاگیر، ٹرسٹوں، تعلیمی اعانت، نفقہ، امداد اطفال، گھرانے کے باہر سے امداد، اور دیگر متفرق ذرائع سے ہونے والی آمدنی۔ غیر نقدی مراعات جیسے فوڈ اسٹامپس اور ہاؤسنگ سبسیڈیز یا زر اصل پر ہونے والے منافع یا خسارے اس میں شامل نہیں ہیں۔ اگر کوئی فرد فیملی کے ساتھ رہتا ہے تو گھرانے کے تمام فیملی ممبرز (بشمول گھریلو پارٹنرز) کی آمدنی کو شامل کرنا لازم ہے الّا یہ کہ فیملی ممبرز کرایہ ادا کر رہے ہوں اور/یاگھر کے مالکوں کے منحصرین نہ ہوں۔ غیر رشتہ داروں، جیسے گھر کے ساتھیوں، کو شامل نہیں کرنا ہے۔ انحصار کی حالت کا تعین معاملہ در معاملہ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔
- **Henry Ford کی مالی اعانت کمیٹی:** ریونیو سائیکل کے نائب صدر کے بحال کردہ قیادت کے تین ممبران پر مشتمل ہے۔
- **HFHS کا خدمت فراہم کنندہ:** HFHS کی فسیلیٹی میں خدمات انجام دینے کے لیے لازمی کلینکل مراعات کا حامل نگہداشت صحت سے متعلق پریکٹشنر
- **طبی لحاظ سے لازمی خدمات:** آپ کی طبی کیفیت کی تشخیص یا علاج کے لیے مناسب اور لازمی ہوتی ہیں، آپ کی طبی کیفیت کی تشخیص، براہ راست نگہداشت، اور علاج کے لیےفراہم کی جاتی ہیں، مقامی علاقے میں اچھے طبی طرز عمل کے معیارات پوری کرتی ہیں، اور بنیادی طور پر آپ یا آپ کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کی سہولت کے لیے نہیں ہوتی ہیں

**مالی اعانت کے لیے اہلیت کا معیار:**

اس پالیسی کے تحت HFHS کی مالی اعانت کے لیے لیاقت کا تعین درج ذیل تین طریقوں میں سے ایک کے تحت ہر انکاؤنٹر کے لیے کیا جائے گا جو ذیل میں مذکور کے مطابق، حسب اطلاق، اثاثے کی جانچ پوری ہونے کے ساتھ مشروط ہوگی۔ وہ مریض جو اس پالیسی کے تحت اہلیت کا معیار پورا نہیں کرتے ہیں وہ HFHS، بشمول کمیونٹی پر مبنی متعدد پروگراموں کے پیش کردہ مالی اعانت کے دیگر پروگراموں کے تحت مالی اعانت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ ان پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، henryford.com پر جائیں۔

اس پالیسی کے تحت مالی اعانت آخری تدبیر کے ادا کنندہ کے بطور استعمال کرنے کے ارادے سے ہے۔ مالی اعانت کی رعایت پر غور کرنے سے قبل، HFHS مریض سے Medicaid یا دیگر سرکاری اعانت کے پروگراموں کے لیے درخواست دینے کا تقاضا کر سکتا ہے۔

اگر اس امر کا انکشاف ہوتا ہے کہ درخواست کی کارروائی کے دوران فراہم کردہ معلومات غلط یا نامکمل تھیں تو HFHS مالی اعانت کی کوئی منظوریاں پلٹنے کا حق رکھتا ہے۔ اگر ایسے حالات پیدا ہوتے ہیں تو مریض اور/یا ضامن کو مطلع کیا جائے گا اور وہ ادائیگی کے لیے ذمہ دار ہوگا۔

**اہلیت کا طریقہ (1) - روایتی:**

- ریاستہائے متحدہ امریکہ میں مستقل رہائش
- ذاتی رہائش HFHS کی ابتدائی سروس والے علاقوں میں ہونا، جو وائنے، میکامب، اوکلینڈ اور جیکسن کاؤنٹیز پر مشتمل ہے۔ اوپر مندرج کاؤنٹیز سے باہر واقع HFHS فسیلیٹی میں علاج کروانے کے خواہاں مریضوں کے لیے، اگر مریض کی مستقل رہائش HFHS فسیلیٹی سے پانچ میل کے دائرے میں ہو تو وہ مالی اعانت کا اہل ہو سکتا ہے۔
- HFHS کی فسیلیٹی میں HFHS کے خدمت فراہم کنندہ کے پاس علاج کے خواہاں ہیں
- سالانہ اوسط گھریلو آمدنی وفاقی سطح افلاس ("FPL") کے 400% تک۔ اگر مریض کی سالانہ آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 250% سے کم یا اس کے برابر ہے تو، مریض 100% رعایت کا اہل ہو سکتا ہے۔ اگر مریض کی سالانہ آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 251% سے 400% تک ہے تو، مریض جزوی رعایت کا اہل ہو سکتا ہے۔ بیمہ شدہ اور غیر بیمہ شدہ مریضوں کے لیے تدریجی پیمانے کی رعایتوں کے لیے تدریجی پیمانے کے جدول نیچے دیکھیں۔

**اہلیت کا طریقہ 2 - (تباہ کن):**

- وہ مریض جن پر، 12 ماہ کی مدت میں، تباہ کن طبی صورتحال کے نتیجے میں HFHS فسیلیٹی میں بھاری بھرکم طبی قرض اکٹھا ہو گیا ہے، جس کے نتیجے میں ایسے فاضل طبی اخراجات ہوئے ہیں جو ان کی مجموعی سالانہ گھریلو آمدنی کے 30% سے زائد ہیں
- ریاستہائے متحدہ امریکہ میں مستقل رہائش
- ذاتی رہائش HFHS کی ابتدائی سروس والے علاقوں میں ہونا، جو وائنے، میکامب، اوکلینڈ اور جیکسن کاؤنٹیز پر مشتمل ہے۔ اوپر مندرج کاؤنٹیز سے باہر واقع HFHS فسیلیٹی میں علاج کروانے کے خواہاں مریضوں کے لیے، اگر مریض کی مستقل رہائش HFHS فسیلیٹی سے پانچ میل کے دائرے میں ہو تو وہ مالی اعانت کا اہل ہو سکتا ہے۔
- HFHS کی فسیلیٹی میں HFHS کے خدمت فراہم کنندہ کے پاس علاج کے خواہاں ہیں۔

مالی اعانت کے لیے مذکورہ بالا لیاقت پورا کرنے والے مریض درج ذیل رعایت کے اہل ہیں:

- مریض اپنی گھریلو آمدنی کے 30% تک اپنا بقایا طبی قرض ایڈجسٹ کروائیں گے۔
- طریقہ 1 اور طریقہ 2 کے تحت اہل قرار پانے والے مریضوں کو دو رعایتوں میں سے بڑی رعایت ملے گی۔

**اہلیت کا طریقہ (3) - قیاسی:**

- HFHS قیاسی بنیاد پر مالی اعانت کے لیے لیاقت کا تعین کر سکتا ہے؛ فریق ثالث کی اسکورنگ، کمیونٹی پر مبنی پروگراموں کے حوالے، اورآمدنی کی بنیاد پر سرکاری پروگراموں کی منظوریاں استعمال کر کے۔
- مالی اعانت کے لیے قیاسی لیاقت پوری کرنے والے مریض جزوی رعایت، یا ہنگامی اور دیگر طبی لحاظ سے لازمی نگہداشت پر 100% کی پوری رعایت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر مریض کی سالانہ آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 250% سے کم یا اس کے برابر ہے تو، مریض 100% رعایت کا اہل ہو سکتا ہے۔ اگر مریض کی سالانہ آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 251% سے 400% تک ہے تو، مریض جزوی رعایت کا اہل ہو سکتا ہے۔ بیمہ شدہ اور غیر بیمہ شدہ مریضوں کے لیے تدریجی پیمانے کی رعایتوں کے لیے تدریجی رعایت کے جدول نیچے دیکھیں۔

**<u>مالی اعانت کے لیے اہل مریض کے بیلنسز</u>**

اس پالیسی کے تحت مالی اعانت کی رعایت کے لیے اہل مریض کے بیلنسز میں درج ذیل بلا تحدید شامل ہو سکتے ہیں:

- ضمنی بیمہ، کٹوتی اورضمنی ادائیگی کی رقوم
- جس منصوبۂ صحت کا HFHS کے ساتھ معاہدہ جاتی رشتہ نہیں ہے، یا جب HFHS فراہم کنندہ منصوبۂ صحت کے نیٹ ورک میں شرکت نہیں کرتا ہو تب ان کی جانب سے کوریج والے مریضوں کے لیے چارجز

- ان بیمہ شدہ مریضوں کے لیے چارجز جنہوں نے اپنی مراعات ختم کر لی ہیں،
- کمرشیل، Medicare یا Medicaid پروگراموں کے تحت محیط مریضوں کو فراہم کردہ غیر محیط خدمات کے لیے چارجز
- کمرشیل، Medicare یا Medicaid پروگراموں کے تحت محیط قیام کی طوالت سے تجاوز کر جانے والے مریضوں کے لیے چارجز

اس پالیسی میں درج مالی اعانت ہماری غیر بیمہ شدہ رعایت کی پالیسی میں طے کردہ غیر بیمہ شدہ رعایت کے علاوہ ہے جس کی درخواست مالی اعانت ٹیم کو 874-7800 (313) پر فون کر کے کی جا سکتی ہے۔

**<u>تدریجی پیمانے کی رعایت کے جدول:</u>**

***غیر بیمہ شدہ مریض:***

FPL کے 400% سے کم آمدنی کے ساتھ اہل قرار پانے والے غیر بیمہ شدہ مریضوں کے لیے، مریض کی ذمہ داری کو ذیل کے جدول کی بنیاد پر Medicare کی قابل اجازت رقم کے فیصد تک ایڈجسٹ کیا جاتا ہے:

| گھرانے کی آمدنی | Medicare کی شرح کا % |
|---|---|
| FPL کا 350%-400% | 91% |
| FPL کا 300%-350% | 61% |
| FPL کا 250%-300% | 30% |
| FPL کا <250% | 0% |

250% سے کم آمدنی کے ساتھ اہل قرار پانے والے مریضوں کو 100% رعایت دی جاتی ہے

***بیمہ شدہ مریض:***

FPL کے 400% سے کم آمدنی کے ساتھ اہل قرار یافتہ غیر بیمہ شدہ مریضوں کے لیے، مریض کی ذمہ داری میں ذیل کے جدول کی بنیاد پر رعایت دی جاتی ہے

| گھرانے کی آمدنی | بقایا بیلنس پر رعایت میں چھوٹ |
|---|---|
| FPL کا 350%-400% | 25% |
| FPL کا 300%-350% | 50% |
| FPL کا 250%-300% | 75% |
| FPL کا <250% | 100% |

**<u>اثاثہ کی جانچ:</u>**

مالی اعانت کے لیے مریض کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے، HFHS ایک تدریجی پیمانے کی رعایت استعمال کرتا ہے جو مریض کی گھریلو آمدنی اور اہل قرار پانے والے اثاثوں کو زیر غور رکھتا ہے۔

مریض کی آمدنی سے قطع نظر، اگر مریض کے گھریلو اہل قرار پانے والے اثاثوں کی مالیت $100,000 یا زائد ہے تو مریض اس پالیسی کے تحت مالی اعانت کے لیے اہل نہیں ہے۔ جو اثاثے تحفظ یافتہ اثاثوں کے بطور مندرج نہیں ہیں انہیں طبی اخراجات کی ادائیگی کے لیے دستیاب مانا جائے گا۔ HFHS مریض کو پیش کردہ رعایت کی سطح طے کرنے میں زائد دستیاب اثاثوں کو حالیہ سال کی آمدنی شمار کر سکتا ہے۔

*تحفظ یافتہ اثاثے:*

- واحد بنیادی ذاتی رہائش میں ایکوئٹی کے پہلے $1,000,000 کا 100%؛ اور اس کے بعد بنیادی رہائش میں ایکوئٹی کا 50%؛
- IRA, 401k، نقد مالیت والے ریٹائرمنٹ پلانز/پنشنز
- کاروبار میں مستعمل معقول اثاثے
- ذاتی مکان
- کالج کے بچت منصوبے

**<u>وہ مریض جو مالی اعانت کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہیں:</u>**

ایسے غیر بیمہ شدہ مریض جو اس پالیسی یا HFHS کے پیش کردہ مالی اعانت کے دیگر دستیاب پروگراموں کے تحت مالی اعانت کا معیار پورا نہیں کرتے ہیں ان سے غیر بیمہ شدہ رعایتی شرح کی بنیاد پر خدمات کے لیے چارج کیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لیے، https://www.henryford.com/visitors/billing پر غیر بیمہ شدہ رعایت کی شرح کی پالیسی سے رجوع کریں۔

کوئی مریض مالی اعانت کی اپنی درخواست کی منسوخی پر اس طرح اپیل کر سکتا یا سکتی ہے کہ جس HFHS فسیلیٹی میں نگہداشت موصول ہوئی تھی وہاں پر منسوخی سے 30 دنوں کے اندر Henry Ford کی مالی اعانت کمیٹی کو لکھے۔ مالی اعانت کے لیے اہلیت HFHS ریونیو سائیکل مینیجمنٹ کی منظوری نیز طبی نگہداشت کی ٹیموں کی رائے کے ساتھ مشروط ہے۔

خصوصی حالات کے لیے حسب ضمانت استثناء ہو سکتے ہیں۔ اس طرح کے استثناء کو معاملہ در معاملہ کی بنیاد پر زیر غور لایا جائے گا۔ دیے گئے استثناء سے پالیسی میں تبدیلی لازم نہیں آتی ہے نہ ہی یہ اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ یہی فیصلہ آئندہ لاگو ہوگا۔ اگر اپنی مالی اعانت کی درخواست کے تعلق سے مریضوں کے اضافی سوالات ہوں تو وہ ہم سے **(313) 874-7800** پر یا **financialassistanceapp@hfhs.org** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**<u>مالی اعانت کے لیے اہل مریضوں کے لیے چارجز پر پابندیاں</u>**

جو مریض مالی اعانت کے لیے اہل قرار پاتے ہیں انہیں ہنگامی اور طبی لحاظ سے ضروری دیگر نگہداشت کے لیے AGB سے زیادہ اور دیگر تمام طبی نگہداشت کے لیے مجموعی چارجز سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا۔ HFHS کی ہر فسیلیٹی ایک یا زائد AGB کے فیصد کا حساب کرنے کے لیے لُک بیک کا طریقہ استعمال کرتی ہے۔ Medicare کی تمام مفت برائے خدمت اور پچھلے 12 مہینوں کے دوران HFHS فسیلیٹی کو نجی صحت بیمہ دہندگان نے جن دعووں کی ادائیگی کی ہے ان کے میزان کو ان دعووں کے لیے متعلقہ مجموعی چارجز کے میزان سے ضرب کر کے AGB کے فیصد کا حساب کیا جاتا ہے۔

**<u>مالی اعانت کے لیے درخواست دینا:</u>**

مریض اور/یا ضامن HFHS کی جانب سے مریض اور/یا ضامن کو ابتدائی بلنگ فراہم کیے جانے کے بعد 240 دنوں تک کبھی بھی مالی اعانت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ HFHS جواباً، درخواست پر کارروائی کرے گا اور مکمل شدہ درخواست موصول ہونے سے 30 تقویمی دنوں کے اندر اہلیت کا تعین کرے گا۔ اس فرد کو فیصلے سے اور فیصلے کی بنیاد سے تحریری طور پر مطلع کیا جائے گا۔

مالی اعانت کے لیے اہل قرار پانے کے لیے، مریض / ضامن کو مریض کے لیے مالی اعانت کی درخواست مکمل کرنی ہوگی۔ درخواست HFHS کی مالی اعانت کی ویب سائٹ: https://www.henryford.com/visitors/billing/financial-assistance پر دستیاب ہے۔ مریض منظوری کے تعین کے لیے مکمل شدہ درخواست مطلوبہ دستاویزی شہادت کے ساتھ اس HFHS فسیلیٹی کو میل یا فیکس کر سکتا ہے جہاں پر علاج کروایا گیا تھا۔ HFHS فسیلیٹی کے پتہ اور فیکس نمبروں کے لیے، براہ کرم ضمیمہ A سے رجوع کریں۔

اگر کوئی مریض HFHS کی ویب سائٹ سے درخواست ڈاؤن لوڈ کرنے سے قاصر ہو تو، براہ کرم ضمیمہ A سے رجوع کر کے درخواست کی ہارڈ کاپی مریض کے پتہ پر میل کروانے کی درخواست کریں۔ درخواست متعدد زبانوں میں دیکھنے کے لیے درج ذیل لنک ملاحظہ کریں: https://www.henryford.com/visitors/billing/financial-assistance/documents۔

اگر مریض کو اپنی درخواست کے سلسلے میں سوالات درپیش ہوں اور/یا درخواست مکمل کرنے میں اسے اعانت درکار ہو تو، براہ کرم ضمیمہ A سے رجوع کر کے HFHS کی اس فسیلیٹی سے رابطہ کریں جہاں مریض نگہداشت موصول کر رہا/رہی ہے

مطلوب دستاویزی شہادت میں شامل ہو سکتے ہیں:

- تازہ ترین ٹیکس والے سال کے لیے وفاقی انکم ٹیکس ریٹرن (فارم 1040)، بشمول تمام قابل اطلاق شیڈولز
- تازہ ترین اجرت اور ٹیکس کے گوشوارے (فارم W-2) اور یا متفرق آمدنی (فارم 1099)
- گھرانے کے ہر ممبر کی پچھلے 2 ماہ کی ادائیگی کی پرچیاں نیز سال کی اب تک کی کمائیاں یا مجموعی اجرتوں کی توثیق کرتے ہوئے آجر کی جانب سے گوشوارہ
- دیگر آمدنی کا ثبوت (جیسے کرایے کا مکان، وغیرہ)
- چیکنگ/سیونگز اکاؤنٹ کے بینک گوشوارے کے پچھلے 2 ماہ کی حالیہ کاپی
- مشیگن کے درست ڈرائیونگ لائسنس یامشیگن ریاست کے شناختی کارڈ کی کاپی
- اگر قابل اطلاق ہو تو، Medicaid، Healthy Michigan یا Marketplace کی جانب سے تردیدی جواب اور/یا COBRA کی دستاویزی شہادت
- مریض کی جانب سے مالی ضرورت کا ذاتی بیان

اگر HFHS کو آمدنی کی مزید توثیق اور/یا فراہم کردہ کسی تائیدی دستاویزی شہادت کی بنیاد پر وضاحت کی ضرورت پڑی تو وہ اضافی دستاویزی شہادت کی درخواست کر سکتا ہے۔ HFHS ایسی دستاویزی شہادت فراہم کرنے میں درخواست دہندہ کی ناکامی کی بنیادپر مالی اعانت سے انکار نہیں کر سکتا ہے جس کا مطالبہ یہ پالیسی یا مالی اعانت کی درخواست واضح طور پر نہیں کرتی ہے۔

**بلنگ اور کلیکشنز:**

HFHS عدم ادائیگی کے مدنظر بلنگ اور کلیکشن کی جو کارروائیاں کر سکتا ہے انہیں ایک علیحدہ مریض کے لیے بلنگ اور کلیکشنز کی پالیسی میں بیان کیا گیا ہے، جو مالی اعانت ٹیم سے 7800-874 (313) پر یا Henry Ford Health System کی ویب سائٹ www.henryford.com پر رابطہ کر کے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**ضمیمہ A:**

**براہ کرم دستاویزی شہادت اس فسیلیٹی کو بھیجیں جہاں نگہداشت موصول ہوئی تھی:**

| فسیلیٹی | پتہ | فون/فیکس نمبر/ای میل |
|---|---|---|
| **Henry Ford Allegiance Health Hospitals** | Henry Ford Allegiance Health<br>Department 64787<br>Drawer 64000<br>Detroit, MI 48264 | فون: (517) 205-4920 |
| **Henry Ford Hospital and Medical Centers** | Henry Ford Hospital<br>Patient Financial Assistance Planning Office<br>2799 West Grand Blvd.<br>K-1, West 107 Clinic Building<br>Detroit, MI 48202 | فون: (313) 916-4510<br>فیکس: (313) 916-4501 |
| **Henry Ford Kingswood Hospital & Henry Ford Maplegrove Center** | Behavioral Health Services<br>Attn: BHS Revenue Services<br>1 Ford Place, Room 1F111<br>Detroit, MI 48202 | فون: (313) 874-9501<br>فیکس: (313) 874-6895 |
| **Henry Ford Macomb Hospitals** | Henry Ford Macomb Hospital<br>Attn: Financial Support<br>15855 19 Mile Rd.<br>Clinton Township, MI 48038 | فون: (586) 263-2696<br>فیکس: (586) 263-2697 |
| **Henry Ford West Bloomfield Hospital** | Henry Ford West Bloomfield Hospital<br>Attn: Revenue Services<br>6777 West Maple<br>West Bloomfield, MI 48322 | فون: (248) 325-0201<br>فیکس: (248) 325-0235 |
| **Henry Ford Wyandotte Hospital & Henry Ford Medical Center - Brownstown** | Henry Ford Wyandotte Hospital<br>Attn: Hospital Patient Financial Assistance Programs<br>2333 Biddle Ave.<br>Wyandotte, MI 48192 | فون: (734) 916-4501<br>فیکس: (734) 246-7926 |
| **Henry Ford Health System Corporate Business Office** | | فون: (313) 874-7800<br>E-mail: financialassistanceapp@hfhs.org |